08/03/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں اشفاق امین

وطن واپسی

وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ مغربی ایشیاءمیں جنگ شروع ہونے کے بعد یکم مارچ سے 7مارچ کے درمیان خلیجی خطے سے 52ہزار سے زیادہ بھارتی شہریونکو با حفاظت وطن واپس لایاگیا ہے۔

وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ بھارت سرکار مغربی ایشیاءاور خلیجی خطے کی صورتحال پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے بتایاآنے والے دنوں میں مزید پروازیں چلانے کامنصوبہ بنایاجا رہاہے تاکہ جو لوگ ابھی تک انخلاءکے منتظر ہیں انہیں بھی محفوظ طریقے سے وطن واپس لایا جا سکے۔

عالمی دن

آج خواتین کا عالمی دن منایا جا رہا ہے۔اس سال اس دن کا تھیم " تمام خواتین اور لڑکیوں کیلئے،حقوق، انصاف، عمل رکھا گیا ہے۔ اس دن زندگی کے مختلف شعبوں میں خواتین کے بے مثال رول کو اُجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ اُن کے حقوق کو تحفظ دینے سے متعلق جامع بیداری پیدا کی جا تی ہے۔ اس دن کی مناسبت سے پورے ملک میں تقاریب کا اہتمام ہورہا ہے۔

صدر جمہوریہ درو پدی مرمو نے خواتین کے بین الاقوامی دن پر خواتین کو مبارکباد دی ہے ۔ ایک سوشل میڈیاپوسٹ میں انہوںنے کہا کہ سماج اور قوم کی تعمیر میں خواتین ایک اہم رول ادا کر رہی ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیرداخلہ امت شاہ نے بھی خواتین کے بین الاقوامی دن پر انہیں مبارکباد دی ہے۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیرا علیٰ عمر عبداللہ نے اپنے الگ الگ پیغامات میں خواتین کے بین الاقوامی دن کے موقعے پر جموں کشمیر کی خواتین کو مبارکباد پیش کی ہیں ۔

ادھر جموں وکشمیر پولیس نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں خواتین کے بین الاقوامی دن کے موقعے پر انہیں مبارکباد پیش کی ہے ۔

ASMITA

ملک بھر میں کھیلوں میں خواتین کی شرکت کو فروغ دینے کیلئے اس سال خواتین کے عالمی لیگ کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ASMITA دن کے موقعے پر

اس اقدام کے تحت ملک کی 30سے زائد ریاستوں اور مرکزی زیر انتظام علاقوں کے 250مقامات پر خواتین کیلئے کھیل کود کے متعدد مقابلے منعقدکئے جارہے ہیں۔

پلیٹ فارم سال 2021میں لانچ کیا گیا تھا اور یہ کھیلو انڈیا کے ایک اہم ASMITA واضح رہے جُز کے طور پر اُبھرا ہے ۔

ستیش شرما

منشیات کے بڑھتے ہوئے خطرے سے نمٹنے کیلئے حکومت او ر عوام کو ملکر کام کر نا ہوگا اور نوجوانوں کو کھیل کود ، تعلیم اور مثبت سرگرمیونکی طرف راغب کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے ۔ ان باتوں کا اظہار یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس کے وزیر ستیش شرما نے کل جموں میں منشیات کے مخالف بیداری پیدا کرنے کیلئے جوریان سے کھور تک ایک نشہ مکت موٹر سائیکل ریلی کو جھنڈی دکھا کر روانہ کرنے کے موقعے پر کیا۔انہوننے کہاکہ منشیات کا مسئلہ نہ صرف افراد اور خاندانوں کو متاثر کرتا ہے بلکہ معاشرے اور سماجی تانے بانے کیلئے بھی ایک سنگین خطرہ ہے ۔

گرگ

صوبائی کمشنرانشل گرگ نے سنگل یوز پلاسٹک کا قلع قمع کرنے کیلئے کئے جا رہے اقدامات کا صوبائی سطح کی پلاسٹک ویسٹ منیجمنٹ سیل کی میٹنگ کے دوران جائزہ لیا ۔انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ کشمیر میں سنگل یوز پلاسٹک پر پابندی کوسختی سے عائد کریں ۔

یشا مدگل

کمشنر سیکریٹری کاپریٹیو ڈیپارٹمنٹ یشا مدگل نے سول سیکریٹریٹ جموں میں رجسٹرار کاپریٹیو سوسائٹیز کے مجموعی کام کاج اور کارکردگی کا جائزہ لینے کیلئے ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی ۔

اس موقعے پر انہوں نے جموں کشمیر میں کاپریٹو سیکٹر کو مضبوط بنانے اور جدیدخطوط پر استوار کرنے کے حوالے سے مختلف اسکیموں اور اقدامات پر تبادلہ خیال کیا۔

ریل

مسافروں کے سفر کو مزیداحسن اور آرام دہ بنانے کیلئے ریلوے کی جانب سے ریل ون اپلی کیشن کو لانچ کیا گیا ہے ۔ اس اپلی کیشن کی بدولت ریل کے ذریعے سفر کرنے والوں کیلئے ایک ہی پلیٹ فارم پر مختلف خدمات فراہم کی جائینگی ۔

کرائم برانچ

کرائم برانچ کشمیر کی اقتصادی جرائم سے متعلق ونگ نے سات ملزمان جن میں سابق زونل ایجوکیشنل آفیسر لنگیٹ ہندواڑہ ، پرائمری اسکول ہم پورہ کے ایک اُستاد، متعلقہ ٹھیکہ دار اور دیگرملزمان شامل ہیں کے خلاف سپیشل انٹی کورپشن جج بارہمولہ کی عدالت میں چار ج شیٹ

اسکیم کے SSA داخل کیا ہےملوثین پر الزا م ہے کہ انہوں نے ہم پورہ کے کرالہ گنڈ علاقے میں تحت قائم کردہ سرکاری اسکول کی عمارت کی تعمیر مینمالی بے ضابطگیوں کا ارتکاب کیاہے۔

چنانچہ ثبوت اور شواہد کی بنیاد پر قانون کی مختلف دفعات کے تحت ملوثین کے خلاف فرد جرم دائرکیا گیا ہے۔

سکاسٹ

سکاسٹ کشمیر نے موجودہ خشک اور گرم موسمی صورتحال کے پیش نظر باغ مالکان کیلئے ایک ایڈوئزری جاری کی ہے ۔ ماہرین نے باغ مالکان سے کہا ہے کہ وہ میوہ

لگائیں۔ Organic Mulch ۓ بوٹوں کے جڑوں کے نزدیک چار سے چھ انچ کا

کسانوں سے کہا گیا ہے کہ وہ مزید جانکاری کیلئے متعلقہ کرشی وگیان کیندروں یایو نیورسٹی کے ایگرو میٹرولاجی ڈویژن سے رابطہ قائم کریں ۔

کرکٹ

عالمی کپ کرکٹ کے فائنل میچ میں آج احمد آباد کے نریندر مو دی اسٹیڈیم ICC-T-20 مردوں کے میں بھارت کا مقابلہ نیوزی لینڈ سے ہو گا۔

یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام سات بجے شروع ہوگا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****